for more materials visit www.educationobserver.com/forum

**Series : SKS/1**

کوڈ نمبر
**Code No. 255/1/1**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ کر لیجئے کہ اس پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد 7 ہے اور نقشوں کے صفحات کی تعداد 2 ہے۔
- پرچہ کے دائیں طرف چھپے کوڈ نمبر کو طالب علم جواب کاپی کے اوپری صفحہ پر لکھینگے۔
- آپ جانچ لیجئے کہ پرچہ میں 26 سوال ہیں۔
- **کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا سلسلہ نمبر کاپی میں لکھ دیجئے۔**
- آپ کو سوالوں کے پرچہ کو پڑھنے کے لیئے 15 منٹ کا مزید وقت دیا گیا ہے۔ پرچہ 10 بجکر 15 منٹ تک طلبا میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک طلبا پرچہ کو فقط پڑھینگے اور اِس دوران میں وہ جواب کاپی میں کوئی جواب نہیں لکھینگے۔

- Please check that this question paper contains **7** printed pages + **2** pages of maps.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **26** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# جغرافیہ (علم الارض)

# GEOGRAPHY (Theory)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے | کُل نمبر : 70

*Time allowed : 3 hours]* | *[Maximum marks : 70*

**عام ہدایات :**

*(i)* اِس پرچہ میں کُل 26 سوال ہیں۔

*(ii)* یہ سبھی سوال لازمی قسم کے ہیں۔

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

(iii) ہر سوال کے لیئے مخصوص نمبر اُسکے سامنے درج ہیں۔

(iv) سِلسِلہ نمبر 1 سے 10 تک کے سوال بہت چھوٹے جوابوں والے ہیں۔ اِن میں سے ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔ اسکا جواب 20 الفاظ فی سوال تک ہوسکتا ہے۔

(v) سِلسِلہ نمبر 11 تا 20 تک کے سوال بھی چھوٹے جوابوں والے ہیں۔ اِن میں سے ہر سوال 3 نمبروں کا ہے۔ سوال نمبر 20 قدر انحصاری ہے۔ فی سوال جواب 80 الفاظ تک ہوسکتا ہے۔

(vi) سِلسِلہ نمبر 21 سے 25 تک کے سوال لمبے جوابوں والے ہیں جو فی سوال 150 الفاظ سے لمبے نہیں ہونگے۔ اِن میں سے ہر سوال 5 نمبروں کا ہے۔

(vii) سِلسِلہ نمبر 26 کا سوال نقشوں پر بھائی گئی جغرافیائی خصوصیات کی پہچان، وقوع اور نام زدگی پر منحصر ہے۔

(viii) دُنیا اور ہندوستان کے خاکے جو آپ کو پرچہ کے ساتھ حاصل کیئے گئے ہیں، انہیں جواب کاپی کے ساتھ جوڑکر واپس لوٹانا لازمی ہے۔

(ix) نقشوں کے خاکے بنانے کے لیئے سٹینسلوں کے استعمال کی اجازت ہے۔

.1 پیدائش کی خام در (Crude Birth Rate) کے معنی بیان کیجئے۔ 1

.2 دُنیا کے مختلف ممالک میں جنسی نسبت کا حساب کیسے کیا جاتا ہے؟ 1

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

3. دُنیا کی تجارتی تنظیم (World Trade Organisation - W.T.O.) کے کوئی دو کام بیان کیجیے۔ $\frac{1}{2}+\frac{1}{2}=1$

4. ہندوستان کے کِس صوبہ میں عورتوں کی تعلیم کی در کم ترین ہے؟ 1

5. 1911 سے 1921 کے دوران ہندوستان میں آبادی بڑھنے کی منفی در کی کوئی دو وجوہات لکھئے۔ $\frac{1}{2}+\frac{1}{2}=1$

6. ہندوستان میں کان کاری کے شہروں کی کوئی دو مثالیں دیجئے۔ $\frac{1}{2}+\frac{1}{2}=1$

7. 'علاقائی منصوبہ بندی' (sectoral planning) کیا ہوتی ہے؟ 1

8. ہندوستان کے پہاڑی علاقوں میں دیہاتی سڑکیں اتنی کم کیوں ہیں؟ کوئی ایک وجہ لکھیں۔ 1

9. اصطلاح 'ہنٹر لینڈ' (Hinter land) کے معنی بیان کیجئے۔ 1

10. ہندوستان میں پانی کی آلودگی کی کوئی دو وجوہات کا ذِکر کیجئے۔ $\frac{1}{2}+\frac{1}{2}=1$

11. تین موزوں مثالیں دیتے ہوئے 'ممکنت' (possibilism) کے نظریہ کی وضاحت کیجئے۔ $3 \times 1 = 3$

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

12. ہندوستان میں گندی گلیوں میں رہنے والے لوگوں کی کوئی تین اہم مشکلات کا تجزیہ پیش کیجئے۔ $3 \times 1 = 3$

13. ٹرانس-سائی بیریئن ریلوے (سائی بیریا پار ریل) کے کنھی تین معاشی نقاط کی اہمیت واضح کیجئے۔ $3 \times 1 = 3$

14. سائی برسپیس (cyberspace) کسے کہتے ہیں؟ انٹرنیٹ (internet) کے کنھی دو فائدوں کو بیان کیجئے۔ $1 + 2 = 3$

15. مثالیں دیکر واضح کیجئے کہ معاشی ترقی کی حالت اور دساوری روپیہ لگانا بین الاقوامی تجارت کا انحصار کیسے بن سکتے ہیں؟ $1\frac{1}{2} + 1\frac{1}{2} = 3$

16. کنھی تین ایسی مجبوریئوں کی وضاحت کیجئے جو ہندوستان میں دیہات سے شہروں کی طرف ہجرت کا باعث بنی۔ $3 \times 1 = 3$

17. چھوٹے گھروں کی بستیاں کیا ہوتی ہیں؟ ایسی بستیوں والے ہندوستان کے کنھی دو علاقوں کے نام لکھئے۔ $1 + 2 = 3$


18. تانبے کے دو فائدے بیان کیجئے۔ ہندوستان کے تانبے کی بڑی کانوں والے دو علاقوں کا ذکر کیجئے۔ $1 + 2 = 3$

19. ہندوستان میں بھاری صنعتوں کے وقوع کے لیئے توانائی اور خام سامان کی کارکردگی کی وضاحت کیجئے۔ $1\frac{1}{2} + 1\frac{1}{2} = 3$

20. سماجی اور معاشی طور پر مجبور لوگوں کو کارگر کرنے والی کنھی تین انسانی قدروں کی وضاحت کیجئے۔ $3 \times 1 = 3$

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

21.




اِس خاکہ کو جو روزی کے ذرائع کے علاقوں کو دکھاتا ہے، غور سے دیکھیئے اور مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب اپنی کاپی میں لِکھیے : **2 + 2 + 1 = 5**

(21.1) A، B، C اور D سے نشان زد علاقوں کی پہچان کیجئے اور ان کے نام اپنی جواب کاپی میں لِکھیے۔

(21.2) اس اِکٹھا کاری کی کوئی چار خصوصیات واضح کیجئے۔

(21.3) اکٹھا کاری دُنیا کے لیول پر کیوں اہمیت نہیں پکڑتی ؟ دو وجوہات پیش کریں۔

**نوٹ :** مندرجہ ذیل سوال صرف **خراب بینائی والے طلبا** کے لیئے سوال نمبر **21** کے عوض ہے :

شکار اور اکٹھا کاری کی کنھی تین خصوصیات کی وضاحت کیجئے۔ اِس بات کے لیئے کہ دُنیا کے لیول پر اکٹھا کاری کا اہمیت پکڑنا ناممکن سا ہے، کوئی دو وجوہات لکھئے۔ **3 + 2 = 5**

22. مینُوفیکچرِنگ (manufacturing) کی تعریف لکھئے۔ بالحاظ سائز مینوفیکچر کرنے کی صنعتوں کو تین قسموں میں بانٹ دیجیے۔ ہر قسم کی ایک ایک خصوصیت سمجھایئے۔ $\mathbf{2 + 1\frac{1}{2} + 1\frac{1}{2} = 5}$

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

23. شہری بستیوں کو بالحاظ سائز، کام اور حاصل خدمات کی بنیاد پر پانچ قسموں میں جماعت بند کیجئے اور ہر قسم کی ایک ایک اہم خصوصیت واضح کیجئے۔ $2\frac{1}{2} + 2\frac{1}{2} = 5$

24. پانی کے ذرائع کے کم ہونے کے لیئے ذمہ دار کنھی تین وسیلوں کی تشریح کیجئے۔ ہندوستان میں پانی کی آلودگی کو قابو میں رکھنے کے کوئی دو قانونی طریقوں کی جانچ کیجئے۔ $3 + 2 = 5$

25. پانچ موزوں مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے کہ ہندوستان میں معاشی ترقی کا لیول اور زمین رقبہ کی فطرت کس طرح سڑکوں کی اکثریت کو اثرانداز کرتے ہیں؟ $5 \times 1 = 5$

26. (26.1) دیئے گئے دُنیا کے سیاسی خاکہ پر چار پہلو A، B، C اور D نشان زد ہیں۔ دی گئی جان کاری کی مدد سے اِن کی پہچان کیجئے اور اُن کے صحیح نام پاس کے خطوں پر لکھئے : $4 \times \frac{1}{2} = 2$

(A) ایک بڑی سمندری بندرگاہ

(B) ایک بڑی ہوائی بندرگاہ

(C) ایشیا میں سب سے زیادہ آبادی کا کثافت بردار مُلک۔

(D) تجارتی اناج اُگانے کا ایک بڑا علاقہ۔

(26.2) دیئے گئے ہندوستان کے سیاسی خاکہ پر مندرجہ ذیل کو واجب علامتوں سے نشان بند کیجئے : $3 \times 1 = 3$

(i) لوہے کی کچی دھات نکالنے کا مؤر بھنج کا علاقہ

(ii) ایک بڑی سمندری بندرگاہ جسے آزادی کے بعد ملک کے مغربی اور شمال مغربی حصّوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیئے قائم کیا گیا ہے۔

(iii) ایک صوبہ جہاں پڑھی لکھی عورتوں کی آبادی سب سے زیادہ ہے۔

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

نوٹ : مندرجہ ذیل سوالات سوال نمبر 26 کے عوض میں فقط **خراب بینائی والے طلبا** کے لیئے ہیں : 5 × 1 = 5

(26.1) بالحاظ رقبہ ایشیا کا سب سے چھوٹا ملک کونسا ہے؟

(26.2) جنوبی افریقہ میں تجارتی اناج اُگانے کے بڑے علاقہ کا نام لکھیئے۔

(26.3) گجرات میں واقع بڑی سمندری بندرگاہ کا نام لکھیں۔

(26.4) ہندوستان کے کس صوبہ میں پڑھے لکھے لوگ سب سے زیادہ اکثریت میں ہیں؟


(26.5) لوہے کی کچی دھات نکالنے کا میوربھنج کا علاقہ کس صوبہ میں واقع ہے؟

---

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

Map for Q. No. 26.1

سوال نمبر 26.1 کے لئے نقشہ




Cut Here ---- یہاں سے کاٹیں ---- Cut Here ---- یہاں سے کاٹیں ----

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

for more materials visit www.educationobserver.com/forum

Map for Q. No. 26.2

سوال نمبر 26.2 کے لئے نقشہ

Cut Here ---------- یہاں سے کاٹیں

Cut Here ---------- یہاں سے کاٹیں

**Outline Map of India (Political)**

